ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(147)

مورخہ 16.03.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 21 ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی،تھانہ کینٹ،تھانہ سول لائینز،تھانہ عباس نگر،تھانہ مسافر خانہ،تھانہ ڈیرہ نواب صاحب،تھانہ دھوڑ کوٹ ،تھانہ ہیڈ راجکاں اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 350 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ سول لائینز،تھانہ عباس نگر اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 520 گرام ہیروئن اور 02 کلو 680 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ بغداد الجدید،تھانہ سمہ سٹہ،تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 08 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 عدد رائفل،06 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں شراب،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد